## سوال

نماز قضا

## جواب

نماز قضاء کی حالت السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ میرا سوال یہ ہے کہ کس حالت میں نماز قضاء کی جا سکتی ہے ۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! بلاعذر نماز قضاء کرنا درست نہیں ہے ، شرعی عذر میں سے یہ ہے کہ آدمی سویا ہوا ہو اور وہ نماز کے وقت بیدار ہی نہ ہو سکے یا وہ نماز پڑھنا بھول ہی جائے یا پھر جنگ جیسی اضطراری کیفیت سے دوچار ہو کہ اس کے لئے وقت پر نماز پڑھنا ناممکن ہو۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

**محدث فتویٰ کمیٹی**

دارالافتاء محدث